# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

مراسلہ نمبر: 87-رجسٹریشن

مورخہ: 05.08.2024

## ﴿ نوٹیفکیشن ﴾

(ریگولر طلباء/طالبات)

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات الحاق شدہ لاہور بورڈ

**عنوان:۔ آن لائن رجسٹریشن/ داخلہ شیڈول برائے جماعت گیارہویں (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024 تا 2026**

تمام متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024 تا 2026 کی آن لائن رجسٹریشن/داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں رجسٹریشن فیس مبلغ -/1000 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ -/530 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ -/130 روپے ٹوٹل فیس مبلغ -/1660 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر کی گئی ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری اور بنک میں فیس جمع کروانے کی حتمی تواریخ (فیس آن لائن بنک چالان (Registration Category) پر ہی جمع کروائیں اور (Other Category) پر جمع کروائی گئی رجسٹریشن فیس اور مینویل چالان قابل قبول نہ ہوگا) |
|---|---|---|
| (i) | رجسٹریشن / داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) بغیر لیٹ فیس | **01 اگست 2024 تا 20 ستمبر 2024** |
| (ii) | -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/ طالبہ کے ساتھ گیارہویں جماعت (Class-XI) میں رجسٹریشن / داخلہ (لیٹ فیس بورڈ کو واجب الادا ہوگی) | **21 ستمبر 2024 تا 10 اکتوبر 2024** |
| (iii) | ادارہ جات میں درج بالا تواریخ تک داخل کئے گئے طلباء/طالبات کی رجسٹریشن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ اور یومیہ جرمانہ مبلغ -/600 روپے فی گروپ / Per Batch کے ساتھ آن لائن کرنے کا معاملہ | ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا اگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی نہ ہی BATCH بن سکے تو ان طلباء/ طالبات کی رجسٹریشن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/ طالبہ کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/600 روپے PER BATCH/GROUP کے ساتھ انٹرمیڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحان 2025 کے امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ شیڈول کی تین گنا فیس (Triple Fee) کی آخری تاریخ تک آن لائن کی جا سکتی ہے۔ |

## ﴿ ہدایات ﴾

درج بالا تواریخ کے بعد کسی بھی ادارے کو رجسٹریشن/داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔ رجسٹریشن کے لیے طلباء و طالبات کے کوائف کی آن لائن انٹری اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول کے مطابق کرنا لازمی ہے۔ رجسٹریشن کوائف کی آن لائن انٹری اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی شیڈول کے مطابق آن لائن نہ کرنے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ گیارہویں جماعت (Class XI) کی رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت طالب علم/طالبہ کے کوائف میٹرک کی سند/رزلٹ کارڈ/"O-Level" ایکویلینس سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) کے مطابق اندراج کریں۔ دفتر ہذا ادارہ جات میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لیے منگوا سکتا ہے۔ سربراہان ادارہ جات مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ پر دیے گئے راہنمائی "کتابچے" (BOOKLET) میں درج ہدایات ملاحظہ فرمائیں اور ان پر سختی سے عمل پیرا ہوں۔

نوٹ: <u>سربراہ ادارہ کو پابند کیا جاتا ہے کہ طلباء/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کرتے وقت (Recent Picture) سکین کر کے اپ لوڈ کی جائے۔ مزید راہنمائی کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ وزٹ کی جا سکتی ہے۔ واضح رہے کہ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی دفتر ہذا میں وصول نہیں کی جائیں گی۔</u>

(ڈاکٹر بشریٰ بی بی)
سیکرٹری